PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پی سی بی کے عہدیداران ہفتے کو فرسٹ بورڈز کے سربراہان سے ملاقات کریں گے

لاہور، 10مارچ2021ء:

فرسٹ بورڈز کے سربراہان اور پی سی بی کے عہدیداران ہفتے کو نیشنل ہائی پرفارمنس سنٹر میں ملاقات کریں گے، جہاں آئندہ 12ماہ کے اہداف تیار کیے جائیں گے۔ اس موقع پرپی سی بی کا شعبہ ڈومیسٹک کرکٹ، فرسٹ بورڈز کے ان تمام سربراہان کوڈومیسٹک اسٹرکچراوراس سے جڑے آئندہ ہفتوں کے لیے ان کے مقررہ اہداف کے بارے میں بھی آگاہ کرے گا۔

اجلاس میں انتظامی نظام کے طور پر مختلف تقرریوں پر تبادلہ خیال کرنے کے علاوہ پی سی بی فرسٹ بورڈز کے سربراہان کوپی سی بی کے آئین 2019، کلب رجسٹریشن کے عمل اورڈومیسٹک کرکٹ اسٹرکچرسے متعلق بریفنگ دی جائے گی۔

ایک سالہ مدت کے لئے فرسٹ بورڈز کی تقرری 5مارچ کو کی گئی تھی، وہ سٹی کرکٹ اور کرکٹ ایسوسی ایشن کے ماڈل آئین میں منیجمنٹ کمیٹیز سے منسوب فرائض انجام دیں گے۔ان فرائض میں روزمرہ کے معاملات چلانے کے ساتھ ساتھ کرکٹ کلب کی پہلی رجسٹریشن کے عمل کی نگرانی کرنااوراپنے دائرہ اختیار میں کرکٹ ایونٹس کاانعقاداور نگرانی بھی شامل ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications

HELP PREVENT CORONAVIRUS

WASH HANDS | KEEP THE DISTANCE | AVOID CROWD | WEAR MASK | COUGH IN THE ELBOW | KEEP HYDRATED | STAY AT HOME

National Team Partners | Domestic Partners | Broadcast Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4